مطبوعات

۱۔ بچوں کے لیے قرآن	مرتب:۔ ڈاکٹر عبدالروف صاحب
۲۔ بچوں کے لیے حدیث	مطبوعہ: فیروز سنز لمیٹڈ لاہور

ڈاکٹر عبدالروف صاحب پاکستان کے تعلیمی حلقوں میں ایک جانی پہچانی شخصیت ہیں۔ بچوں کی تعلیم و تربیت کے معاملے میں آپ کی آراد بڑی وقیع خیال کی جاتی ہیں۔ آپ نے بچوں کی تعلیم و تربیت اور اصلاح کی غرض سے ان کے نفسیاتی معیار کے مطابق چھوٹی چھوٹی کتابیں مرتب کرنے کا پروگرام بنایا ہے۔ یہ دونوں کتابیں اسی سلسلہ کی کڑیاں ہیں۔

"بچوں کے لیے قرآن" میں آپ نے چند تمہیدی صفحات میں قرآن مجید کی تکمیل، اس کی تنظیم، اس کے مقصد اور قرآنی عربی سمجھنے کے لیے آسان طریقوں کا ذکر کیا ہے۔ اس کے بعد قرآن مجید کی منتخب آیات کو چھ مختلف ابواب میں ترتیب دیا ہے۔ اس کے لیے آپ نے ایسی آیات جمع کی ہیں جو بچوں کے ذہنی معیار کے مطابق بھی ہیں اور ان کی اصلاح و ضرورت کے لیے مفید بھی۔ پہلے باب میں خدا اور بندے کے تعلق کو ظاہر کرنے والی آیات ہیں۔ دوسرے باب میں ایک مسلمان کا اپنے دین اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا ذکر ہے۔ نیز نماز کی اہمیت اور انسانی زندگی کے مقصد کو واضح کیا گیا ہے۔ تیسرے باب میں ایسی آیات درج ہیں جن میں معروف کا ذکر ہے۔ اسی طرح چوتھے باب میں منکرات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ پانچویں باب میں اصلاح ترقی کے لیے عمل کی ترغیب اور چھٹے میں آسان قرآنی دعاؤں کا اندراج ہے۔

اسی طرح "بچوں کے لیے حدیث" میں پہلے چند صفحات میں حدیث پاک کی قسموں اور ان کے مختلف مجموعوں کا ذکر ہے جس کے ساتھ صحاح ستہ کا ابتدائی تعارف بھی شامل کر دیا گیا ہے۔ اس کتاب کو بارہ ۱۲ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے جن میں ایمانیات اور معاشرت کی ساری اہم باتوں کا تذکرہ ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ سب باتیں بچوں کی اصلاح و تربیت کے سلسلے میں بہت مفید ہیں۔